# ایمرسن یونیورسٹی ملتان

**ٹینڈرز فارم برائے ٹھیکہ کینٹین / کیفے اور پارکنگ اسٹینڈ برائے سال 2025-2024**

اچھی شہرت کی حامل کمپنیوں / فرم اور ٹھیکداروں کو درج ذیل ٹھیکوں کی نیلامی کی دعوت دی جاتی ہے

| نمبر شمار | فہرست / تفصیل | Reserved Price (Annual) | سیکیورٹی (قابل واپسی) | CDR Bid Security قابل واپسی |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مین کیفیٹریا / کینٹین | RS 720,000/- | RS 200,000/- | RS 75,000/- |
| 2 | فوٹو کاپی مشین، کمپوزنگ شاپ اور اسٹیشنری شاپ | RS 180,000/- | RS 100,000/- | RS 20,000/- |
| 3 | پارکینگ سٹینڈ | Rs. 100,000/- | Rs. 20,000 /- | Rs. 20,000/- |

**شرائط وضوابط** یہ بولی پنجاب گزٹ، گورنمنٹ آف دی پنجاب لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ لاہور لیٹر نمبر_L 7532__) 29 جولائی 2016۔کے مطابق آفر کی جائے گی۔

1. شرائط وضوابط کے ساتھ ٹینڈر دستاویز فرموں / ٹھیکیداروں کو جی ایس ٹی / این ٹی این کے لیے رجسٹریشن کے ثبوت کے ساتھ ان کے لیٹر ہیڈ اور RS. 1000/- (ناقابل واپسی) کے اصل چالان / پے آرڈر پر جاری کیے جائیں گے. چالان / پے آرڈر بینک آف پنجاب، گلگشت برانچ، ملتان میں اکاؤنٹ کا عنوان: ایمرسن یونیورسٹی ملتان اور اکاؤنٹ نمبر 6510100673200408 میں ادا کریں۔ مزید برآں، ٹینڈر کی دستاویز شرائط وضوابط www.eum.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔
2. ٹیکنیکل کمیٹی فراہم کردہ کاغذات کا معائنہ کرے گی اور کامیاب ٹھیکیداروں کی بولی میں شرکت کی اجازت ہوگی۔
3. ٹینڈر کے کاغذات ،دفتر چیئر مین کیفیٹریا کمیٹی ایمرسن یونیورسٹی ملتان سے دوران دفتری اوقات مبلغ ایک ہزار روپے (ناقابل واپسی) میں حاصل کیے جا سکتے ہیں۔
4. ٹینڈر فیس کی رسید اور CDR بنام Treasurer EUM ٹینڈر فارم کے ساتھ لف ہونا لازمی ہے، بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کیا جائے گا۔
5. یونیورسٹی بغیر وجہ بتائے تمام آفرز / Bids منسوخ کر سکتی ہے جو کہ کسی کورٹ آف لاء میں چیلنج نہیں کیا جائے گا۔
6. کامیاب ٹھیکیداروں کو 02 ماہ کا کرایہ بطور ایڈوانس + سیکیورٹی موقع پر ادا کرنا ہوگی جو کہ معاہدہ کے اختتام پر قابل واپسی ہوگی اگر کامیاب ٹھیکیدار ادا نہ کر پایا تو دوسرے نمبر پر کامیاب ٹھیکیدار کو ادائیگی کے لیے کہا جائے گا۔
7. کامیاب بولی کرنے والا ٹھیکیدار ہر ماہ کا کرایہ پیشگی ادا کرے گا اور کرایہ 05 تاریخ تک ادا کرے گا۔ ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں 1٪ یومیہ جرمانہ عائد ہوگا۔
8. کامیاب بولی کرنے والا ٹھیکیدار تمام وفاقی اور صوبائی ٹیکس ادا کرے گا۔
9. کیفیٹیریا کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ Blacklisted ٹھیکیداروں کی درخواست منسوخ کر دے۔
10. تمام فریقوں کو درخواست کے ساتھ پولیس کلیئرنس سرٹیفکیٹ اور کریکٹر سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا۔۔

11. وضع کردہ جگہ برائے کینٹین / پارکنگ اسٹینڈ کسی سیکیورٹی خطرہ و دیگر وجوہات، کسی بھی وقت تبدیل کی جاسکتی ہے۔

12. ماہانہ طے شدہ کرایہ گرمیوں کی چھٹیوں کے دورانیے میں بھی لاگو ہو گا۔ یونیورسٹی کی طرف سے چھٹیوں کے کسی نوٹیفیکیشن کی صورت میں بھی کرایہ کی رقم قابل واپسی نا ہو گی۔

13. خوراک و دیگر اشیاء کے معیار / مقدار اور قیمتوں کو چیک کرنے کا حق کمیٹی کو حاصل ہو گا۔ اگر معیار / مقدار اطمینان بخش نہ ہوا تو کیفیٹیریا کمیٹی کسی بھی وقت ٹھیکہ منسوخ کر سکتی ہے۔ اشیاء کی فہرست بمع قیمت دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

14. اگر کسی ٹھیکیدار کو یا اس کے کیفے / شاپ میں کوئی غیر قانونی سرگرمی / منشیات فروشی میں ملوث پایا گیا یا اس نے کسی اور فرم کو ٹھیکہ دے دیا تو کیفیٹیریا کمیٹی کو ٹھیکہ منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔ اور فرم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا جائے گا

15. کامیاب ٹھیکیدار کینٹین / پارکنگ اسٹینڈ کا قبضہ حاصل کرنے کیلئے نوٹس کے اجراء کے 07یوم تک درخواست نہ دے گا تو کیفیٹیریا کمیٹی کو حق حاصل ہو گا کہ یہ الاٹمنٹ منسوخ کر کے دوسرے نمبر پر دی جانے والی بولی کے ٹھیکیدار کو الاٹمنٹ کر دے۔

16. ٹھیکیدار صفائی کا خاص خیال رکھے گا اور (یوٹیلٹی بلز) بجلی، گیس اور دیگر واجبات بروقت ادا کرنے کا پابند ہو گا اور اس کا سرٹیفکیٹ چیئرمین کیفیٹیریا کمیٹی سے ہر ماہ حاصل کرنے کا پابند ہو گا بصورت دیگر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

17. ٹینڈر فارم 18-11-2024 کو دوپہر 02:00 بجے تک کنوینر نیلام کمیٹی، ایمرسن یونیورسٹی ملتان کے دفتر میں مثبت طور پر کال ڈپازٹ (جیسا کہ ٹینڈر دستاویز میں مذکور ہے) پہنچنی چاہیے۔ کمیٹی ان ٹینڈر فارم کا Technical Evaluation کرے گی اور Technical Evaluation کے لیے مندرجہ ذیل کاغذات لف کرنا ضروری ہیں۔ شناختی کارڈ کی کاپی، بینک اسٹیٹمنٹ کم از کم بیلنس سالانہ Reserve Price کے برابر یا زائد، ٹیکس ریٹرن / سرٹیفکیٹ پچھلے 2 سال، پولیس کلیئرنس سرٹیفکیٹ اور کریکٹر سرٹیفکیٹ، Original CDR Bid Security- ٹینڈر فیس ڈپازٹ سلپ، اقرار نامہ (Not Blacklisted)، متعلقہ تجربے کا سرٹیفکیٹ کم از کم دو سال، اگر کوئی ٹھکیدار درج بالا کاغذات فراہم کرنے میں ناکام رہا تو اسکو بولی میں شرکت نہ کرنے کی اجازت ہو گی۔ اور بولی میں شرکت کے لیے کامیاب امیدواران کے نام کی لسٹ 19-11-2024 کو 09:30 بجے صبح نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ بولی مورخہ -19-11-2024- کو صبح 11:30 بجے دفتر کنوینر نیلام کمیٹی میں ہو گی 19-11-2024 19 کو مقامی تعطیل یا کوئی اور غیر متوقع واقعہ ہوا تو بولی اگلے دن ہو گی۔

18. کینٹین کی عمارت جو کہ لائبریری کے قریب واقع ہے اسی حالت میں کامیاب ٹھیکیدار کے حوالے کر دی جائے گی۔ جس کی تزین و آرائش کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہو گی۔

19. پارکنگ اسٹینڈ کیلئے مختص کی گئی جگہ مین گیٹ کے قریب واقع ہے۔

20. ٹھیکیدار کیفے کی عمارت کی تزئین و آرائش کرے گا اور طالبات اور اساتذہ کے لیے الگ انتظام فراہم کرے گا۔

21. پارکنگ اسٹینڈ کا کامیاب ٹھیکیدار یونیورسٹی کے اساتذہ، شاگردوں اور اسٹاف ممبرز سے پارکنگ فیس وصول کرنے کا مجاز نہ ہو گا جبکہ پارکنگ فیس کے طور پر وزیٹر سے سائیکل کیلئے -/10 Rs موٹر سائیکل کیلئے -/Rs.20 اور کار کیلئے -/30 Rs فی یومیہ وصول کرے گا۔

22. ایگریمنٹ کی تکمیل کے بعد ٹھیکیدار اپنی جمع کروائی گئی سیکورٹی واپس لینے سے پہلے ریزیڈنٹ افسر سے عمارت کی انسپکشن اور (یوٹیلٹی بلز) بجلی، گیس اور دیگر بلز کی ادائیگی و دیگر کلیئرنس کا سرٹیفکیٹ لینے کا پابند ہو گا اور اس دوران ہونے والا کسی قسم کا نقصان سیکیورٹی کی رقم سے پورا کیا جائے گا۔

23. کیفے لیز / پارکنگ اسٹینڈ کا معاہدہ 01 سال کے لیے ہو گا جو کہ ٹھیکیدار کی تسلی بخش کارکردگی پر 15٪ اضافہ کے ساتھ ایک سال کے لیے قابل توسیع ہو گا۔

24. یہ کہ ٹھیکیدار تازہ اور اچھے معیار کا کھانا اور اشیاء فراہم کرے گا۔

25. یہ کہ ٹھیکیدار ریفریجریٹر، ڈیپ فریزر اور اوون اپنی قیمت پر فراہم کرے گا اور انہیں ذخیرہ کرنے کے لیے کینٹین میں صاف ستھرا رکھے گا۔

26. یہ کہ ٹھیکیدار کراکری، کھانا پکانے کے برتن، فرنیچر، فکسچر اور فٹنگ وغیرہ کی صفائی کا ذمہ دار ہو گا۔ باورچی خانے کے ساتھ ساتھ کیفے ٹیریا ہال اور اس کے احاطے میں صفائی وغیرہ کا ذمہ دار ہو گا۔ انتظامیہ صفائی کا کوئی سامان / جھاڑو وغیرہ فراہم نہیں کرے گی۔ یہ کہ سرپرائز وزٹ کے دوران اگر کوئی شکایت نوٹ کی گئی تو کم از کم -/Rs=2,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ -/Rs=3,000 جرمانہ وصول کیے جائیں گے۔

27. یہ کہ یونیورسٹی کی کینٹین آکشن کمیٹی وقتاً فوقتاً کچن کی حفظان صحت، کھانے کے اجزاء، تیل وغیرہ کی جانچ اور معائنہ کرنے کے لیے دورہ کرے گی۔ اور ٹھیکیدار کمیٹی کی سفارشات اور رہنما اصولوں پر عمل کرنے کا پابند ہو گا۔

28. یہ کہ ٹھیکیدار کھانے اور خدمات کے معیار کو برقرار رکھے گا تاہم شکایت کی صورت کم از کم جرمانہ۔2,000 روپے اور زیادہ سے زیادہ 5,000 روپے شکایت پر عائد کیا جائے گا۔

29. ٹھیکیدار یونیورسٹی انتظامیہ کے مہیا کردہ پرائس لسٹ کو آویزہ کرے گا اور زائد پرائس ہرگز وصول نہیں کرے گا۔ زائد پرائس وصول کرنے کی صورت میں آکشن کمیٹی / یونیورسٹی انتظامیہ کو اختیار ہو گا کہ وہ جرمانہ یا ٹھیکہ ختم کر سکے۔

30. یہ کہ جب بھی انتظامیہ کو محسوس ہوا کہ اشیائے خوردنی کی کوالٹی اور مقدار قیمت کی فہرست کے شیڈول میں بیان کردہ تصریحات کے مطابق فراہم نہیں کی گئی ہے تو انتظامیہ کسی بھی وقت معاہدہ ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

31. یہ کہ ٹھیکیدار سامان کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان اور فرنیچر اور فکسچر کی مرمت اور دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار ہو گا اگر اس کی وجہ سے کوئی نقصان ہوتا ہے۔ اگر طلباء کے ذریعہ ایسا نقصان ہوتا ہے تو ٹھیکیدار یونیورسٹی کی انتظامیہ کو فوری طور پر رپورٹ کرنے کا پابند ہے۔

32. یہ کہ ٹھیکیدار صبح 8:00 بجے سے کام کے دنوں میں کیفے ٹیریا کو چلائے گا۔ شام 5:30 بجے تک اور اختتام ہفتہ (ہفتہ اور اتوار) صبح 9:00 بجے سے شام 5:30 بجے تک یا متعلقہ ڈیپارٹمنٹ / رجسٹرار آفس کی طرف سے فراہم کردہ شیڈول کے مطابق اور یونیورسٹی کی پالیسی کے مطابق۔ تاہم، اسے تعطیلات / سمسٹر کے وقفوں کے دوران فیکلٹی اور ایڈمن اسٹاف کے لیے کھولا جائے گا۔ یہ کہ کیفے ٹیریا عام تعطیلات پر بند رہے گا۔

33. یہ کہ کرایہ گرمیوں اور سردیوں کی تعطیلات یا حکومت اور یونیورسٹی کی طرف سے اعلان کردہ دیگر تعطیلات میں قابل ادائیگی ہے۔

34. یہ کہ ٹھیکیدار ماہانہ بنیادوں پر استعمال ہونے والی بجلی اور گیس کا بل سب میٹر پر ظاہر ہونے والے یونٹس کے ذیلی میٹر کی کھپت کے مطابق ادا کرے گا جو بالترتیب MEPCO اور SSGC کو یونیورسٹی کی طرف سے ادا کردہ ٹیرف کی شرح پر وصول کیا جائے گا۔

35. یہ کہ ٹھیکیدار کو کسی دوسری فرم (فرم) / شخص (افراد) یا ٹھیکیدار کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ Sub-Pet کی صورت میں معاہدہ فوری طور پر منسوخ کر دیا جائے گا۔

36. یہ کہ یونیورسٹی کی انتظامیہ کنٹریکٹر کے سامان کی حفاظت کے لیے کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں ہو گی۔ ٹھیکیدار خود اس کے سامان کی حفاظت کا ذمہ دار پابند ہو گا۔

37. یہ کہ، معاہدے کی مدت کے دوران کسی بھی وقت معاہدے کی ذمہ داریوں میں سے کسی کو پورا کرنے میں ناکام ہونے کی صورت میں انتظامیہ ٹھیکیدار کے خلاف، مناسب سمجھی جانے والی کارروائی بشمول معاہدہ ختم کرنا/ فرم کی بلیک لسٹ کرنا/ سیکیورٹی اور ایڈوانس کرایہ کی رقم کو ضبط کرنا,کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

38. یہ کہ ٹھیکیدار کینٹین کی جگہ اور انفراسٹرکچر کو کسی پروڈکٹ کی مارکیٹنگ کے لیے استعمال نہیں کرے گا۔

**چیئرمین کیفیٹیریا**

**کمیٹی ایمرسن یونیورسٹی ملتان**

# ایمرسن یونیورسٹی ملتان

## اشتہار برائے ٹھیکہ کینٹین / کیفے اور پارکنگ اسٹینڈ برائے سال 25-2024

اچھی شہرت کی حامل کمپنیوں / فرم اور ٹھیکداروں کو درج ذیل ٹھیکوں کی نیلامی کی دعوت دی جاتی ہے

| نمبر شمار | فہرست / تفصیل | Reserved Price (Annual) | سیکیورٹی (قابل واپسی) | CDR Bid Security قابل واپسی |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مین کیفیٹریا / کینٹین | RS 720,000/- | RS 200,000/- | RS 70,000/- |
| 2 | فوٹو کاپی مشین، کمپوزنگ شاپ اور اسٹیشنری شاپ | RS 180,000/- | RS 100,000/- | RS 20,000/- |
| 3 | پارکینگ سٹینڈ | Rs. 100,000/- | Rs. 20,000/- | Rs. 20,000/- |

**شرائط وضوابط**

1. شرائط وضوابط کے ساتھ ٹینڈر دستاویز فرموں / ٹھیکیداروں کو جی ایس ٹی / این ٹی این کے لیے رجسٹریشن کے ثبوت کے ساتھ ان کے لیٹر ہیڈ اور RS. 1000/-(ناقابل واپسی) کے اصل چالان / پے آرڈر پر جاری کیے جائیں گے. چالان / پے آرڈر بینک آف پنجاب، گلگشت برانچ، ملتان میں اکاؤنٹ کا عنوان: ایمرسن یونیورسٹی ملتان اور اکاؤنٹ نمبر 6510100673200408 میں ادا کریں۔ مزید برآں، ٹینڈر کی دستاویز شرائط و ضوابط www.eum.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

2. ٹینڈر فارم 18-11-2024 کو دوپہر 02:00 بجے تک کنوینر نیلام کمیٹی، ایمرسن یونیورسٹی ملتان کے دفتر میں مثبت طور پر کال ڈپازٹ (جیسا کہ ٹینڈر دستاویز میں مذکور ہے) پہنچنی چاہیے۔ کمیٹی ان ٹینڈر فارم کا Technical Evaluation کرے گی اور Technical Evaluation کے لیے مندرجہ ذیل کاغذات لف کرنا ضروری ہیں۔ شناختی کارڈ کی کاپی، بینک اسٹیٹمنٹ کم از کم بیلنس سالانہ Reserve Price کے برابر یا زائد، ٹیکس ریٹرن / سرٹیفیکیٹ پچھلے 2 سال، پولیس کلیئرنس سرٹیفیکیٹ اور کریکٹر سرٹیفیکیٹ، Original CDR Bid Security، ٹینڈر فیس ڈپازٹ سلپ، اقرار نامہ (Not Blacklisted)، متعلقہ تجربے کا سرٹیفیکیٹ کم از کم دو سال، اگر کوئی ٹھیکیدار درج بالا کاغذات فراہم کرنے میں ناکام رہا تو اسکو بولی میں شرکت نہ کرنے کی اجازت ہو گی۔ اور بولی میں شرکت کے لیے کامیاب امیدواران کے نام کی لسٹ 19-11-2024 کو 09:30 بجے صبح نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی۔ بولی مورخہ 19-11-2024 کو صبح 11:30 بجے دفتر کنوینر نیلام کمیٹی میں ہو گی 19-11-2024 کو مقامی تعطیل یا کوئی اور غیر متوقع واقعہ ہوا تو بولی اگلے دن ہو گی۔ کامیاب ٹھیکیداروں کو 02 ماہ کا کرایہ + سیکیورٹی موقع پر ادا کرنا ہو گی اگر کامیاب ٹھیکیدار ادا نہ کر پایا تو دوسرے نمبر پر کامیاب ٹھیکیدار کو ادائیگی کے لیے کہا جائے گا۔

3. کامیاب ٹھیکیدار یونیورسٹی کے اساتذہ، شاگردوں اور اسٹاف ممبرز سے فیس وصول کرنے کا مجاز نہ ہو گا جبکہ پارکنگ فیس کے طور پر وزیٹر رسے سائیکل کیلئے RS. 10/-، موٹر سائیکل کیلئے RS. 20/- اور کار کیلئے RS30.-/ فی یومیہ وصول کرے گا۔

4. ٹھیکیدار تمام قومی اور صوبائی ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

کنوینر نیلامی کمیٹی

ایمرسن یونیورسٹی ملتان

# ایمرسن یونیورسٹی ملتان

## ریٹ لسٹ برائے کیفے / کینٹین

| اشیاء | ریٹ RS/ | اشیاء | ریٹ RS/ | اشیاء | ریٹ RS/ |
|---|---|---|---|---|---|
| آلو والا پراٹھا فی عدد(100g) | 80 | سینڈ وچ انڈا شامی | 140 | سموسہ فی پلیٹ 2عدد بمعہ چنے | 100 |
| روٹی فی عدد(100g) | 15 | شامی کباب دال والا | 30 | چکن سموسہ | 50 |
| سادہ پراٹھا100 گرام | 60 | زنگر برگر(K&N, Menu) | 250 | پکوڑے فی پلیٹ150g | 80 |
| سادہ نان | 30 | نگٹس10عدد(K&N, Menu) | 250 | فنگر چپس فی پلیٹ125g | 100 |
| کڑی پکوڑہ بمعہ 2روٹی | 100 | چکن برگر(K&N, Menu) | 200 | گول گپے فی پلیٹ(8عدد) | 100 |
| چکن نہاری +2روٹی | 200 | چکن رول | 60 | دہی بھلہ فی پلیٹ چھوٹی پلیٹ | 80 |
| آلو انڈہ بمعہ 2روٹی | 150 | چکن شامی | 50 | دہی بھلہ فی پلیٹ بڑی پلیٹ | 100 |
| مرغ کری / قورمہ بمعہ 2روٹی | 150 | بلیک کافی | 200 | فروٹ چاٹ(120 g) | 150 |
| سبزی بمعہ 2روٹی | 100 | کولڈ کافی | 200 | فروٹ چاٹ کریم(120 g) | 200 |
| بون لیس ہانڈی بمعہ 2رورٹی | 250 | چائے فی کپ (ملک پیک) | 80 | گاجر جوس فی گلاس | 60 |
| دال بمعہ 2روٹی | 100 | چائے(ٹی پیک) | 70 | ملک شیک فی گلاس | 150 |
| آلو چکن +2روٹی | 150 | چھوٹا شوارما | 120 | اورنج جوس فی گلاس | 100 |
| آملیٹ (ایک انڈہ) | 50 | بڑا شوارما | 150 | دہی پلیٹ (ایک پاو) | 50 |
| چنے | 50 | چکن بریانی فی بمعہ دو بوٹی | 150 | دودھ گلاس ایک پاو | 50 |
| انڈہ فرائی | 50 | رائتہ | 20 | لسی گلاس ایک پاو | 80 |
| مکس برگر بمعہ انڈہ شامی | 150 | سلائس فی عدد | 20 | | |

## ضروری ہدایت

1- تمام اشیاء رٹیل پرائس پر فروخت کرنے کی اجازت ہو گی۔

2- تمام ٹھیکیداران فوری پرائس لسٹ پینا فلیکس (3×3فٹ) پر واضح اویزاں کریں۔

سیکرٹری نیلام کمیٹی
ایمرسن یونیورسٹی ملتان

چیئرمین نیلام کمیٹی
ایمرسن یونیورسٹی ملتان